aglasem.com

SAMPLE PAPER

Punjab Board

2024



Code 007

Class XII Urdu Elective Model Question Paper

نمونے کا پرچہ سوالات جماعت بارھویں اردو اختیاری

نوٹ :- خوش خط تحریر کے لیے 5 نمبر ہیں

حصہ "الف"

سوال ۱ :- مندرجہ ذیل عبارت کو غور سے پڑھیں اور اس سے متعلق سوالوں کے جواب لکھیں کوئی ایک پیراگراف کردو۔

'ا' 1937ء کی گرمیوں کے شروع میں پنجاب کسان کمیٹی کا سالانہ اجلاس امرتسر میں ہونا قرار پایا۔ صوبہ متحدہ کی کسان سبھا کے کارکنوں کی حیثیت سے ڈاکٹر اشرف اور مجھے اس کانفرنس میں شرکت کے لیے مدعو کیا گیا تھا۔ ہم دونوں اس کے آرزومند بھی تھے۔ اس لیے پنجاب کی کسان تحریک ہمارے صوبہ کی کسان تحریک سے زیادہ مضبوط تھی اور ہم چاہتے تھے کہ اپنی آنکھوں سے پنجاب کے جری اور آزادی خواہ کسان عوام کو ہزاروں کی تعداد میں ایک جگہ پر جمع دیکھیں۔ ان کے اتحاد، طاقت اور انقلابی جذبے کا ذاتی تجربہ کریں اور اس طرح خود اپنے انقلابی شعور کو وسعت دیں۔ اس کے چند دنوں بعد مجھے اطلاع ملی کہ اس موقعے پر پنجاب کے ترقی پسند مصنفین نے بھی امرتسر میں اپنی کانفرنس کرنے کا فیصلہ کیا ہے۔

1 اس عبارت کے سبق اور مصنف کا نام بتائیے ؟
2 پنجاب کسان کمیٹی کا اجلاس کب اور کہاں شروع ہوا ؟
3 صوبہ متحدہ کی کسان سبھا کے کارکنوں کی حیثیت سے کس کس کو مدعو کیا گیا تھا ؟
4 سجاد ظہیر اور ڈاکٹر اشرف کس بات کے آرزومند تھے ؟
5 پنجاب کے ترقی پسند مصنفین نے کیا فیصلہ کیا ؟

'ب' ملک ہوا کا بادشاہ جب مرنے لگا تو اپنے جوان بیٹے کو یہ وصیت کی کہ بیٹا اپنے محل کے سارے کمرے کھولنا مگر وہ تالا کبھی نہ کھولنا جو ایک سرنگ کے دروازے پر لگا ہے۔ کیونکہ اس سرنگ میں آگ، پانی اور ہوا ایک ساتھ قید ہیں اور یہ ایک ایسا عجوبہ ہے جو ملک ہوا کے باشندوں کی عقل و فہم سے باہر ہے۔ بادشاہ کی موت کے بعد نوجوان شہزادے کے دل میں اس سرنگ کا راز جاننے کی بے چینی ایسی بڑھی کہ تالا کھول کر اس کے اندر قدم رکھ دیا اور پہنچ گیا ایسی دنیا میں جہاں دو طرح کے انسان پائے جاتے تھے۔ ایک وہ جو جی رہے تھے اور دوسرے وہ جو جیتے جی مر رہے تھے۔ سبب معلوم ہونے پر اسے پتہ چلا کہ اس ملک میں وہی جی سکتا ہے جس کے پاس وافر مقدار میں پیسہ تھا، کیونکہ وہاں ہواؤں کے بجائے ساری ضرورتیں پیسے سے ہی پوری کی جاتی تھیں۔

1 اس عبارت کے سبق اور اس کے مصنف کا نام بتائیے ؟
2 ملک ہوا کا بادشاہ جب مرنے لگا تو اس نے بیٹے کو کیا وصیت کی ؟
3 شہزادے نے سرنگ کے اندر پہنچ کر کیا دیکھا ؟
4 ملک ہوا کے جو لوگ جی رہے تھے ان کے جینے کا کیا سبب تھا ؟

schools.aglasem.com
aglasem.com

Code 007

5 ملک ہوا کے لوگ اپنی مزدوری کس چیز سے پوری کرتے تھے ؟

2 مندرجہ ذیل سوالات کے جوابات میں سے صحیح جواب چن کر لکھیے۔

1 اضانے کا آغاز کب ہوا ؟

19 ویں صدی میں - بیسویں صدی میں - اکسویں صدی میں - 18 ویں صدی میں

2 مجسریٹ کس طرح زخمی ہوا ؟

گر کر - ایکسیڈنٹ میں - پتھر مارنے سے - آپسی لڑائی میں

3 دوسری بار زوالفقار کتنے سال بعد گیٹ پاس میں آئی ؟

12 سال بعد 15 سال بعد 10 سال بعد 8 سال بعد

4 سرپنچ نے کس کے حق میں فیصلہ سنایا ؟

گاؤں والوں کے - بوکا کے - ہوری کے بیٹوں کے

5 حکومت نے کن لوگوں سے مشورہ کیا ؟

ڈاکٹروں سے - لیڈروں سے وکیلوں سے دانشوروں سے

6 اُردو کی سب سے مشہور صنف کون سی ہے ؟

مرثیہ رباعی غزل نظم

7 شاعر کس سے ڈرا ہوا ہے ؟

دنیا سے لوگوں سے دل اور آسمان سے خود سے

3 مندرجہ ذیل کسی پانچ سوالوں کے جواب دو۔

1 صاحبانِ عالی شان سے کیا مراد ہے ؟

2 غالب نے کن لفظوں میں گرمی کی شدت کا ذکر کیا ہے ؟

3 اضانہ "ملجے" کا مرکزی خیال کیا ہے ؟

4 اضانہ "فوٹو گراف" میں زندگی کی کس حقیقت کو بیان کیا گیا ہے ؟

5 ہوری کون ہے اور وہ پریم چند کے کس ناول سے تعلق رکھتا ہے ؟

6 شہزادے نے ہوا کی دیوی سے کیا سفارش کی ؟

7 سجاد ظہیر نے علامہ اقبال کو کن خاص باتوں کی طرف توجہ دلانے کی کوشش کی تھی ؟

4 مندرجہ ذیل کسی تین سوالوں کے جواب پچاس الفاظ میں لکھو۔

1 "دوسرا جنم ہم کو ملا" اس سے غالب کی کیا مراد ہے ؟

2 پاکھر میں فساد کا سبب کیا تھا ؟

3 فصل پک جانے پر "ہوری" خوش کیوں تھا ؟

4 دو دو لاکھ روپے ملنے کے بعد لوگوں کی طرز زندگی میں کیا فرق پیدا ہوا ؟

5 "مجھر سبق" میں انسان کو کیا نصیحت کی گئی ہے ؟ اپنے الفاظ میں لکھیے۔

schools.aglasem.com

aglasem.com

Code 007

5 کسی ایک بند کا خلاصہ لکھو۔
بچوں کا سکون کی نیند ، درد ہتوں کی بہار

6 کسی ایک صنف پر نوٹ لکھو۔
انشائیہ ۔ سفرنامہ

حصہ "ب"

7 کسی ایک نظم کا مرکزی خیال و خلاصہ لکھو۔
روح ارضی آدم کا استقبال کرتی ہے۔ زندگی سے ڈرتے ہو؟

8 کسی چار اشعار کا مطلب بیان کرو۔

یہ شب، یہ خیال یہ خواب تیرے
کیا پھول کھلے ہیں، منہ اندھیرے
شعلے میں ہے اک رنگ تیرا
باقی ہیں تمام رنگ میرے
زندگی ہے تو بہر حال بسر بھی ہوگی
شام آئی ہے تو آئے گی سحر بھی ہوگی
منزل عشق پہ یاد آئیں گے کچھ راہ کے غم
مجھ سے لپٹی ہوئی کچھ گرد سفر بھی ہوگی
اب بھا گئے ہیں سایۂ عشق بتاں سے ہم
کچھ دل سے ہیں ڈرے ہوئے کچھ آسماں سے ہم
اب شوق سے بگاڑ کی باتیں کیا کرو
کچھ پا گئے ہیں آپ کی طرز بیاں سے ہم

9 نصابی کتاب سے دو شعر لکھو جو زیر سوالات میں موجود نہ ہوں۔

10 کوئی پانچ الفاظ کے معنی لکھو۔
داستان گو۔ عرق ریزی، تصدیق۔ خم پڑنا۔ بستان، دریچہ، صحرائی، مہمل

11 مندرجہ ذیل عنوانات میں سے کسی ایک عنوان پر 250 الفاظ پر مبنی مضمون لکھو۔
شجر کاری کی اہمیت۔ حضرت محمدؐ ، ماحولیاتی آلودگی کا مسئلہ۔

schools.aglasem.com
AglaSem Earn while Learn Program. Send your papers and get paid.
Contact: support@aglasem.com aglasem.com